(ادارہ)



سیرت سیدنا عمر بن خطابؓ و اصلاحات سیدنا عمر فاروق اعظمؓ | شائع کردہ۔ مکتبہ الفاروق سلطانپورہ روڈ۔ لاہور ۳۹۔ صفحات ۸۰۔ قیمت ۵ روپے

خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ عنہ مراد رسول ہیں۔ آپ کی سیرت مبارکہ پر حضرت مولانا سید نور الحسن شاہ بخاریؒ نے ایک طویل مضمون تحریر کیا تھا۔ اور اسی طرح آپ کے اصلاحات بعنوان اصلاحات سیدنا عمر فاروق اعظمؓ پر مولانا محمد حسین انصاری نے ہفت روزہ دعوت کے لیے بالاقساط یہ مقالہ لکھا تھا۔ ان دونوں مضامین کو مکتبہ الفاروق نے یکجا کر کے ایک رسالہ کی شکل میں شائع کیے۔ خلیفہ راشد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں انتہائی معلومات افزا مواد اس میں لکھا گیا ہے۔ جو کہ آپ کی سیرت اور اصلاحات پر ایک جامع رسالہ ہے۔

انوار سخن | مصنفہ حافظ نور محمد انور۔ ناشر۔ مکتبہ الفاروق سلطانپورہ روڈ۔ لاہور ۳۹۔ صفحات ۲۲۴۔ قیمت ۸ روپے

ملکہ شعر انسانی جذبات و احساسات اور اندرونی کیفیات کے اظہار کا ایک لطیف پیرایہ ہے۔ گو کہ کیفیات اور جذبات کو الفاظ کا جامہ نہیں پہنایا جا سکتا۔ لیکن پھر بھی اس کی کچھ نہ کچھ ترجمانی شعر کے ذریعہ ہوتی ہے۔ حافظ نور محمد صاحب انورؔ اپنے اسی ذوق کی وجہ سے علمی حلقوں میں جانی پہچانی شخصیت ہیں۔ کافی مدت تک آپ تنظیم اہلسنت کے آرگن "دعوت" میں کام کرتے رہے۔ اور کچھ عرصہ "خدام الدین لاہور" سے بھی منسلک رہے۔ نثر کے ساتھ ساتھ آپ کا منظوم کلام بھی دل و دماغ کو معطر کرتا رہا۔

زیر تبصرہ کتاب "انوار سخن" سے پہلے بھی آپ کے اشعار کے کچھ مختصر مجموعے شائع ہوئے ہیں۔ موجودہ کتاب میں کافی حصہ حمد و نعت اور منقبت اصحاب رسولؐ اور آل نبیؐ کا ہے۔ اور کچھ حصہ مختلف بزرگوں اور اکابر کے سانحہ ارتحال پر تعزیتی مرثیوں پر مشتمل ہے۔ کتاب کے آخر میں چند مشاہیر کے خطوط کا اضافہ بھی ہے جس سے کتاب کی افادیت دوبالا ہو گئی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ شعری اور تاریخی ذوق رکھنے والے حضرات اس سے خوب خوب لطف اندوز ہوں گے۔

(م۔ ا۔ ف)